نَحْمَدُہٗ و نُصلیّ علی رسولہٖ و علیٰ اٰلہٖ رسولہٖ

# ذریعۂ نجات

مؤلف: الحاج سید بدر الحسن الرضوی ہلّوری کربلائی

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضامین | صفحات |
|---|---|---|
| ۱ | دیباچہ | ۴ |
| ۲ | آخرت تک کی منازل | ۸ |
| | ۱۔ پہلی منزل: موت | ۸ |
| | ۲۔ دوسری منزل: قبر | 13 |
| | ۳۔ تیسری منزل: برزخ | ۱۷ |
| | ۴۔ چوتھی منزل: قیامت اور میدان حشر | 19 |
| ۳ | مخصوص اعمال ووظائف | ۲۳ |
| | ا۔ سکرات میں آسانی کے لئے | ۲۵ |
| | ب: مرنے میں جلد راحت کے لئے | ۲۷ |
| | ج: نزع کے عالم کے لئے دوسروں کے اعمال | ۲۹ |
| | د: موت میں آسانی کے لئے اعمال | ۳۱ |

| | | |
|---|---|---|
| | ح: قبر میں پہلی شب کے عذاب کو روکنے کے اعمال | ۳۶ |
| | و: وحشت قبر کے لئے مفید اعمال | ۳۸ |
| | ز: فشار قبر کے اسباب | ۳۹ |
| | ہ: عذاب قبر سے نجات دینے والے اعمال | ۴۰ |
| ۴ | منکر و نکیر کے سوالات کا صحیح طور پر جواب دینا | ۴۵ |
| ۵ | برزخ کے لئے مفید اعمال | ۴۷ |
| ۶ | قیامت کی سختی سے محفوظ رکھنے والے اعمال | ۴۸ |
| ۷ | قبروں سے زندہ ہو کر نکلنے والوں کا احوال | ۵۱ |
| ۸ | امت مرحومہ کے گنہگار بندوں کی حالت | 53 |
| ۹ | قیامت کی ہولناکیوں سے بچنے کے اعمال | 5۵ |
| ۱۰ | پُل صراط سے گزرنے میں آسانی پیدا کرنے والے چند اعمال | 58 |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ہم اسی وحدہٗ لاشریک کی حمد و ثنا کرتے ہیں۔ جس نے اپنی قدرت کاملہ سے ساری کائنات اور فضائے بسیط تخلیق کی۔ اس میں ہم انسانوں کو پیدا کیا اور قوت گویائی کی عظیم نعمت عطا فرمائی۔ عقل و علم سے نوازا تا کہ اس کی صنّاعی سمجھ سکیں۔ اس میں طرح طرح کی نعمتیں بنائیں تا کہ اس سے فیض حاصل کر سکیں اور اس کا شکر ادا کریں۔ اس نے موت و حیات کو پیدا کیا تا کہ ہم اس امتحان سے اپنے آپ کو کسی قابل بنا کر روز محشر خود کو پیش کر سکیں۔

اُس کے رسول ﷺ اور ان کی آل پر اللہ اور ملائکہ کے ساتھ صلوات بھیجتے رہتے ہیں۔ جنھوں نے ہماری ہدایت اور صراطِ مستقیم پر قائم رہنے کے طریقے بتائے اور وہی ہمارے لئے قیامت میں ذریعہ نجات بنیں گے۔ خلاقِ عالم کا کوئی کام مصلحت سے خالی نہیں ہے۔ اور کوئی بھی خلقت بے کار نہیں؟ حکمت سے پُر ہے۔ دنیائے فانی میدان عمل ہے۔ دائمی زندگی کی تیاری کے لئے۔

ہاں! سب تعریفیں اس وحدہٗ لاشریک کے لئے ہیں جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ جو یکتا ہے۔ 'احد' ہے اپنی مثال آپ ہے۔ وہ خلاّقِ عالم ہے۔ وہی سب کا پروردگار ہے۔ اپنی شناخت کے لئے کچھ بزرگ و اعلیٰ ہستیاں۔ اپنے ہی نور سے بنائیں۔ اپنی قدرتِ کاملہ کی ایک جھلک اس کائنات

کے خلق کرنے میں دکھائی۔ پھر اپنے ہی دستِ قدرت سے آدم علیہ السلام کی تخلیق کی اوراس کی قدرت کا مشاہدہ کرنے، اس کو سمجھنے اور اس کے نظام کے چلانے کی صلاحیت پاکر اس دنیا میں بسایا۔ بنی آدم کو عقل دے کر اچھے بُرے کی تمیز عطا کی تا کہ اس دار المحن کی بھٹی میں تپ کر کون کندن ہوا اور کون اسی دنیا کی فانی رعنائیوں میں کھو گیا، معلوم ہو جائے، لیکن بندہ، اپنے خالق سے کیا ہوا وعدہ بھلا بیٹھا۔

اس بشر کو پرکھنے کے لئے اس نے اپنی حکمتِ کاملہ سے حیات و موت کی تخلیق کی تا کہ موت، قبر اور برزخ کی منزلوں سے گزر کر روز محشر ان کو اپنے اعمال کے مطابق جزا و سزا دے۔ اس کے لئے جنت اور جہنم پیدا کیا۔

آدمی کی آنکھ بند ہوئی روح و جسم کا رشتہ ٹوٹا۔ پھر قبر کی منزل اور پھر بظاہر لاعلمی کا لامتناہی دور 151 لیکن نہیں اس پیدا کرنے والے نے اپنے بندوں پر نوازش کی بارش جاری رکھی۔ ہم پر نظر کرم کیا۔ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ طاہرین کے ذریعہ اس لاعلم کو بھی ہمارے علم میں شامل کر دیا۔

کیا کیا منزلیں ہیں۔ کیا کیا ہو گا اور ان دیکھی تکالیف، عتاب و عذاب جو کہ موت کی جانکنی کی حالت، قبر میں اترنے، سوال و جواب کا ہنگام، فشار قبر برزخ کا زمانہ، قیامت اور میدان حشر کی ہولناکیوں سے خبر دار کیا۔ اور اللہ

کے غضب سے بچنے کے لئے راستے بھی دکھائے۔ نیک عمل بتائے جو کافی حد تک انسان خود کر سکتا ہے۔ ورنہ اس کے وارثوں کے ذریعے ان کا اجر مل سکتا ہے۔

بہر صورت وہ حالات اور کیفیات جن سے ہر شخص دوچار ہو گا ان کی تفصیل پہلے علامہ الشیخ عباس قمی رحمۃ اللہ علیہ نے 'منازل آخرۃ' کے نام سے تالیف فرمائے جس کا اردو ترجمہ عمدۃ الواعظین مولانا غلام حسین مظہر سلطان الافاضل نے فرمایا اور عباس بُک ڈپو ایجنسی نے درگاہِ حضرت عباس علیہ السلام رستم نگر، لکھنؤ ۳ سے شائع کیا۔ اس سلسلے میں آیۃ اللہ سید عبدالحسین دست غیب رحمۃ اللہ کی کتاب 'المعاد' کے دامن میں بھی اس قسم کا ذخیرہ موجود ہے۔

مندرجہ حقائق اسی سے اخذ کئے گئے ہیں اور اپنے روزمرّہ کے ورود میں استفاضہ کیا ہے۔ پھر صاحب زادگان، سید محمود عباس سلمہٗ کی تحریک اور حسن عباس رضوی، منظر عباس، ثناء العباس اور حیدر عباس سلمہم کے اصرار پر اس رسالے کی صورت میں اپنے عزیز و اقارب اور احباب محترم کے فیض اور مرحوم والدین اور اعزّاء کے ثواب کی خاطر پیش کیا جا رہا ہے۔

یہ ہماری اور اس کتابچے کی خوش قسمتی ہے کہ خلف اکبر سید محمود عباس سلّمہ کی کوششوں سے حجۃ الاسلام والمسلمین عالیجناب علاّمہ سید ابن حسن نجفی صاحب مُقیم مسقط تک پہونچ ہوئی اور آپ نے اپنی دینی

مصروفیات اور خرابی صحت کے باوجود کافی توجہ فرمائی اوراپنے مفید اور قیمتی مشوروں سے عملاً نوازا اور جگہ جگہ مناسب اصلاح فرمائی۔ جس سے اس رسالے کی عام فہمی اور سلاست میں اضافہ ہوا۔ ہم موصوف کے بے حد شکر گزار ہیں۔

دینی رسالے کی طرف ہمارا یہ پہلا قدم ہے۔ اللہ اپنی رحمت سے غلطیاں، بھول چوک اور کوئی نازیبا کلمہ نادانستہ طور پر نکل گیاتو در گزر فرمائے اور اپنے لطف و کرم سے قبول فرمائے اور ہم سب کو توفیق عطا کرے کہ چہاردہ معصومین کے صدقے میں ان اعمال کی اہمیت کو صحیح طور پر سمجھ سکیں اور اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکیں اور منازل آخرۃ کی تکالیف کو دور کر سکیں۔

آمین یارب العالمین۔ وصلی اللہ علیٰ محمد و آلہ۔

الحاج سید بدر الحسن الرضوی ہلّوری کربلائی

# جانکنی کے عالم سے روز حساب تک کے مراحل

اس دار فانی سے رخصت ہو کر عالم جاودانی میں اپنے انجام تک پہونچنے کے لئے مختلف مدارج سے ہر فرزند آدم کو گزرنا پڑتا ہے۔

۱۔ پہلی منزل۔ موت

۲۔ دوسری منزل۔ قبر

۳۔ تیسری منزل۔ عالم برزخ

۴۔ چوتھی منزل۔ قیامت اور میدان حشر

۵۔ پانچویں اور آخری منزل۔ جنت یا جہنم

آیئے: اب ان مراحل کو سمجھنے کے لئے ذرا مختصر سا جائزہ لے لیں۔

## (۱) پہلی منزل: ﴿موت﴾

سورہ الملک میں باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ اس ذاتِ بابرکت نے حیات اور موت کو پیدا کیا تاکہ آزمائے کہ تم میں سے کس کے اعمال اچھے ہیں۔ موت برحق ہے۔ موت دراصل روح کا بدن سے تعلق ختم ہونے کا نام ہے۔ اللہ ہی کے حکم سے ملک الموت انسان کی روح قبض کرتا ہے۔

بعض لوگ موت کے وقت بے انتہا تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ روایت میں ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی بدن کو قینچی سے کاٹ رہا ہے۔یا جیسے چکّی میں پیسا جارہا ہے۔

منقول ہے کہ انسان کی روح ایسے قبض ہوتی ہے گویا کہ ایک ریشمی کپڑا کانٹوں کی جھاڑی پر ڈال دیا گیا ہے اور اسے کوئی کھینچ رہا ہے لیکن ان ہی لوگوں میں بعض کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے پھول سونگھ رہا ہے۔اس بات کا یہاں سمجھ لینا بہت ضروری ہے کہ یہ کوئی قاعدہ کلّیہ نہیں ہے کہ ہر مؤمن کی جان آسانی کے ساتھ قبض ہوتی ہے۔اگرچہ خدا کا لطف و کرم ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن بعض گناہوں کی پاداش میں جان سختی سے نکلتی ہے تاکہ مؤمن اس دنیا سے گناہوں سے پاک صاف جائے۔ لیکن کفّار کے لئے یہ سختی آخرت کے عذاب کی زیادتی کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔

کبھی یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ کفّار و فسّاق کی روح آسانی سے نکل جاتی ہے۔ کیوں کہ آخرت میں بہر حال عذاب پانے والے ہیں۔ لیکن اس دنیا میں انھوں نے کچھ اچھے کام کئے ہیں جس کا بدلہ تو ملنا ہی ہے تاکہ آخرت میں اس کا اچھے اور نیک کاموں کے معاوضے کا مطالبہ ختم ہو جائے کہ اور یہاں اس چیز کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ موت کافر کے لئے پہلی بد بختی ہے چاہے جان آسانی سے نکلے یا سختی سے۔ لیکن یہی قبض روح مؤمن

کے نعمت اور سعادت ہوتی ہے۔ چاہے سکرات میں سختی ہو یا آسانی۔

**"لہٰذا نزع کے عالم کی سختی یا آسانی کو کفر و ایمان کی کسوٹی نہیں بنانا چاہئے۔"**

ایک اہم نکتہ یہاں واضع کرنا ضروری ہے کہ مؤمن موت کو بُرا نہ سمجھے بلکہ محبوب اور اللہ سے ملنے کا وسیلہ سمجھے۔ آخرت کے لئے سامان مہیّا اور کارِ خیر کرتا رہے۔

موت اگر جلدی آتی ہے تو اس کو نعمت جانے کہ اللہ نے دنیا کی صعوبتیں ختم کر دیں اور مزید گناہ سے بچالیا۔ اور اگر طولانی عمر وعطا فرمائے تو بھی راضی رہے کہ توبہ کرنے اور نیک اعمال میں اضافے کا مزید موقع ملا ہے۔

## سکراتِ موت اور جانکنی کا عالم:

روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ طاہرین علیہم السلام ہر مرنے والے کے سرہانے آتے ہیں۔ چاہے وہ مؤمن ہو یا کافر۔ یہ ملاقات مؤمن کے لئے نعمت خداوندی اور منافق و کافر کے لئے قہر جبّار۔

دوسری طرف شیاطین اپنے ساتھیوں کے ساتھ موجود رہتے ہیں تا کہ مرنے والے کو شک میں مبتلا کر دیں اور کسی صورت سے اس کا ایمان چھن جائے اور وہ دنیا سے منکر اٹھے۔ لیکن اللہ کریم اپنے بندوں کو گناہوں

سے تائب ہونے کا موقع روح کے گلے میں آنے تک دیتا ہے۔ تاکہ دنیا سے وہ تائب اٹھے اور عذاب کے بدلے رحمت کا مستحق ہو۔

## احتیاط:

اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ مرنے والے کے پاس پاک و صاف اور طاہر لوگ جائیں اس لئے کہ فرشتے نجاست سے کراہیت محسوس کرتے ہیں۔

## مرنے والے کے پاس کے اعمال:

جو آدمی نزع کی حالت میں ہو اس کے پاس مندرجہ ذیل اعمال بجا لاتے رہیں۔

۱۔ سورہ یٰسین (سورہ ۳۶، پارہ ۲۲) کی تلاوت

۲۔ سورہ الصّافّات (سورہ ۳۷، پارہ ۲۳) اور

۳۔ کلماتِ فَرَج:

لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ. لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ. سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبُّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَ مَا فِیْہِنَّ وَمَا بَیْنَہُنَّ وَمَا فَوْقَہُنَّ وَمَا

تَحْتَہُنَّ وَہُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

یہ مرنے کے لئے جلد راحت کا سبب بنتے ہیں۔

## موت کے بعد قبر تک:

روح قبض ہونے کے بعد بھی اپنے جسم کے اوپر ٹھہری رہتی ہے۔ غسّال کا سخت ہاتھ میّت کو ایسا محسوس ہوتا ہے۔ جیسے کہ اس کا جسم پیٹا جا رہا ہو۔ اس لئے غسل دینے والے نرم ہاتھ میت کو لگائیں اور آہستہ آہستہ غسل دیں۔

دفن کے بعد جب اپنے پرائے مشایعت کرنے والے جانے لگتے ہیں تو میّت کی روح کو تنہائی کا احساس ہونے لگتا ہے اور قبر کے ہول کا خوف اور صرف اپنے اعمال کا بھرسہ رہتا ہے۔

اللہ کا کرم اپنے بندوں پر یہ بھی ہے کہ سب سے پہلی بشارت جو مؤمن کو دی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ نے تجھے اور تیری جنازے کی مشایعت کرنے والے مؤمنین کے تمام گناہ بخش دیئے ہیں۔

## (۲)دوسری منزل: ﴿قبر﴾

### وحشتِ قبر:

قبر کی تاریکی، تنہائی اور ہولناکی سے مانوس ہونے کے لئے میّت کو تدفین کے لئے قبر میں فوراً نہیں اتارنا چاہیئے بلکہ نماز جنازہ کے بعد میت کو قبر کے قریب لے جانے کے پہلے دو منزلیں کرنی چاہیئے تاکہ وہ منکر و نکیر کے سوالات کے لئے تیار ہوسکے اور وحشت کم ہو جائے۔

### قبر میں منکر و نکیر کے سوالات:

جس طرح موت حق ہے اسی طرح قبر میں مرنے کے بعد منکر و نکیر کا سوال بھی حق ہے اور جزوِ ایمان ہے۔

سوالات مؤمن اور کافر دونوں سے کئے جاتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو ان چیزوں کا منکر ہے وہ ہمارے شیعوں میں نہیں ہے۔

(۱)معراج، (۲)سوال قبر، (۳)شفاعت

### قبر کے سوالات:

مروی ہے کہ قبر میں دو فرشتے ڈراونی صورت میں آتے ہیں اور

سوال کرتے ہیں:

۱۔ تیرا رب کون ہے۔ ۲۔ تیرا نبی کون ہے۔

۳۔ تیرا دین کیا ہے۔ ۴۔ تیرا امام کون ہے۔

چونکہ میّت گھبرائی ہوئی ہوتی ہے اور جواب دینا مشکل ہوتا ہے اس کی مدد کے لئے دو مقامات پر ان اعتقادات کی تلقین کی جاتی ہے۔

قبر میں منکر نکیر، تین چیزوں کا سوال کریں گے۔

(۱) عقائد

(۲) جوانی کیسے گزاری اللہ کی اطاعت میں یا لہو و لعب میں۔

(۳) روزی کیسے کمایا اور کیسے خرچ کیا۔ (حلال طریقہ سے یا حرام طریقہ سے)

## قبر میں اتارنے کے بعد:

۱۔ بہتر ہے کہ دائیں ہاتھ سے دائیں کندھے اور بائیں ہاتھ سے بائیں کندھے کو اس کے نام آنے پر حرکت دیں اور تلقین پڑھیں۔

۲۔ دوسرے جب میّت کو دفن کر دیا جائے۔

سُنّت ہے کہ اس کا قریبی رشتہ دار لوگوں کے چلے جانے کے بعد قبر کے سرہانے بیٹھ کر بلند آواز سے تلقین پڑھے (جو کہ عام طور سے لوگ نہیں کرتے ہیں) بہتر ہے کہ دونوں ہتھیلیوں کو قبر پہ رکھے اور اپنے کو قبر کے نزدیک لے جائے اس کے لئے کسی دوسرے سے بھی تلقین پڑھوا سکتا ہے۔

## فائدہ:

منکر و نکیر آتے ہیں اور مؤمن کی قبر پر تلقین پڑھتے ہوئے سنتے ہیں۔ ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ آؤ چلیں اس کی حجّت کے لئے تلقین پڑھ دی گئی ہے اور اب سوال پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## پہلی شب:

پہلی شب میّت پر قبر میں بہت سخت اوروحشت ناک ہوتی ہے۔ جس میں کمی کے لئے دو رکعت نماز ہدیۂ میّت اور دو رکعت نماز وحشت پڑھنی چاہئے۔ جس کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

## ترکیب:

پہلی رکعت میں سورہ حمد ایک بار اور ایک بار آیۃ الکرسی دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد ۱۰/ مرتبہ سورہ انّا انزلناہ پڑھے۔ پھر سلام پڑھ

لینے کے بعد یہ کلمات پڑھے۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَابْعَثْ ثَوَابَہَا اِلَی قَبْرِ فَلاں ابن فلاں۔(اس جگہ میّت کا نام لے)

نوٹ: مزید تفصیل کے لئے دیکھئے صفحہ نمبر ۳۶ اور ۳۷

## تنگی وفشار قبر:

مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ جس کے گناہ معاف نہ ہوں گے اس کے لئے قبر میں جو کچھ ہو گا وہ موت سے زیادہ سخت ہے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ قبر کی تنگی، فشار، قید اور تنہائی سے ڈرو۔ قبر یا تو جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔ یا جہنم کی آگ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

اس عذاب سے بچنے کے لئے امام جعفر صادق علیہ السلام کی دعائیں آگے مذکور ہیں۔

## دعائیں اور اعمال

وہ افعال جن سے فشار قبر ضرور ہوتا ہے۔(لہٰذا ان سے بچنا چاہئے)۔

۱۔ پیشاب کی نجاست کو معمولی سمجھنا۔

۲۔ نکتہ چینی اور تنقید کرنا۔

۳۔ غیبت کرنا

۴۔ قطع رحمی۔ یعنی رشتہ داروں سے قطع تعلق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی مؤمن بھائی کی امداد نہیں کرتا ہے تو اللہ اس کی قبر میں ایک بہت بڑا اژدہا مسلّط کرے گا۔ جو اس کا انگوٹھا قیامت تک کاٹتا رہے گا۔ اگرچہ یہ گناہ اس کا بخشا جا چکا ہو۔

## (۳) تیسری منزل: ﴿برزخ﴾

برزخ کے عربی میں معنی ہیں 'پردہ' یا 'آڑ' جو دو چیزوں کے درمیان حائل رہتی ہے۔ شرعی معنوں میں یہ وہ عالم ہے۔ جس کے بارے میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کی قسم مجھے تمہارے برزخ کا زیادہ خوف ہے۔

معصومین کی شفاعت تو اللہ قیامت میں قبول کرے گا۔

# وادئ السلام اور وادئ برہوت

## وادی السّلام

میت کے دفن کے بعد قبر میں جو کچھ جسمانی طور پر ہوتا ہے۔ اس کے بعد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے مطابق مرنے والے مؤمن کی روح جسم مثالی کے ساتھ نجف اشرف میں حضرت مولائے کائنات کے حرم کے پاس وادی السّلام (قبرستان) میں پہونچ جاتی ہے۔ چاہے وہ مؤمن دنیا کے کسی کونے میں انتقال کرے لیکن اس روح کا تعلق اپنے مدفن سے رہتا ہے۔ اور اگر وہ مؤمن وہیں وادی السّلام میں دفن ہے تو اس کی سعادت اور بڑھ جاتی ہے۔ پھر وہ روح وہاں قیامت تک اللہ کریم کے لطف و کرم سے مستفیض ہوتی رہتی ہے۔

## وادئ برہوت

اسی طرح جو کثیف اور خبیث ارواح ہیں وہ وادئ برہوت میں مبتلائے عذاب رہتی ہیں۔ یہ وادی یمن میں ایک بیابان اور خشک صحرا ہے جہاں آب و دانہ کا نام و نشان تک نہیں ہے۔ اور جہاں پرندے بھی خوف سے نہیں گزرتے۔ یہ وادی برزخی عذاب کا مظہر ہے۔

# (۴)چوتھی منزل:﴿قیامت﴾

اللہ تعالیٰ نے سورہ اعراف میں فرمایا کہ 'قیامت زمین و آسمان پر رہنے والے ملائکہ، جن وانس کے لئے اپنے شدائد اور ہولناکیوں کے اعتبار سے سنگین اور گراں ہے اور اچانک آجائے گی۔ 1ے

ایک روایت میں ہے کہ کوئی فرشتہ آسمان وزمین، فضاو پہاڑ، صحرا اور دریا میں ایسا نہیں، جو ہر جمعہ سے اس لئے ڈرتا ہو کہ کہیں اس جمعہ کو قیامت برپا نہ ہو جائے۔

## صوراسرافیل:

اللہ تعالیٰ جب قیامت برپا کرنے کا ارادہ فرمائے گا تو اسرافیل کو حکم دے گا۔ دوسَر والا صور جس کا ایک سرا زمین کی طرف رکھے گا، پھونکے گا تو سارے زمین والے مرجائیں گے اور جب آسمان کی طرف کی شاخ پھونکے گا تو آسمان کی مخلوق فنا ہو جائے گی پھر اللہ کے حکم سے اسرافیل بھی مرجائیں گے۔

پھر اللہ کے حکم اور مرضی کے مطابق سب مخلوقات فنا رہیں گی۔ اس کے بعد پھر اللہ کے حکم سے اسرافیل دوبارہ زندہ ہوں گے پھر بحکم الٰہی

---

1 آیۃ نمبر ۱۸۶

دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو ساری مخلوقات دوبارہ زندہ ہوجائے گی۔

اس کی بعد دوبارہ زندہ ہوئی مخلوق کا حیرت و استعجاب کی حالت میں برسوں قبر میں کھڑے رہنا اور امّت مرحومہ کے لوگوں کا بھی مختلف شکلوں میں اور سب کا میدان حشر میں افتاں و خیزاں حاضر ہونا، اپنے نامۂ اعمال کے داہنے یا بائیں ہاتھ میں پائے جانے کا تجسس، میدان حشر کی ہولناکی، سب کا نفسی نفسی میں پڑے رہنا، پیاس کی شدت، غرض کہ بندوں پر کیا کیا نہ گزرے گی، واحد القہّار کے دربار میں پہونچنے کے لئے۔

ایک مرحلہ اور بھی آئے گا، جب 'حقوق العباد' کا حساب ہوگا اور اس کی وجہ سے وہ روک لیا جائے گا۔ اگر ربّ کریم کا فضل شاملِ حال ہوگا تو جو مطالبہ رکھتا ہے، اس کو ترغیب دی جائے گی معاف کرنے کی، تاکہ اس کے بدلے مطالبہ کرنے والے کو اس کا اجرِ خیر ملے اور جس کو معاف کیا جائے گا اس کو راحت۔

اس سلسلے میں ہمارے چوتھے امام حضرت زین العابدین علیہ السلام گریہ کرتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے۔

يَا اِلٰهِیْ عَامِلْنَا بِفَضْلِکَ وَلاَ تُعَامِلْنَا بِعَدْلِکَ يَا کَرِيْمُ۔

**"الٰہی! ہمارے ساتھ اپنے فضل کے ذریعے معاملہ کر، نہ کہ عدل کے ساتھ، اے کریم۔"**

جب سب کو نامۂ اعمال اور میزان اعمال کی منزل سے گزر کر اور اللہ کا فیصلہ پا کر جہنم یا جنّت کی طرف بھیجا جائے گا تو جو نیک اور صاحبانِ ایمان ہیں وہ تو پلِ صراط کے ذریعے جنت کی طرف روانہ ہوں گے اور دوسرے لوگ سیدھے جہنم میں جھونکے جائیں گے۔

## پُل صراط

پل صراط پر وہی لوگ جا سکیں گے جن کے پاس حبّ علیؑ کی سند ہو گی۔ یہ پل جہنم کے اوپر سے گزرے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز اور آگ سے زیادہ گرم ہو گا۔

خالص مؤمن تو اس پُل سے بجلی کی طرح گزر جائیں گے۔ بعض لوگ بڑی مشکل سے پار ہوں گے اور بعض لوگ پھِسل پھِسل کر جہنم میں گر جایا کریں گے۔

ایک روایت میں جناب سیّدہ علیہا السلام سے منقول ہے کہ:

**"ہمارے ماننے والوں میں شفاعت پانے والا آخری نفس ۴۰ ہزار سال کے بعد جہنم سے نجات پائے گا اور پھر بہشت میں جائے گا۔"**

ایک اور روایت میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ:

**"ہمارے گنہ گار محبّوں میں سے آخری نفس ۴، لاکھ برس کے بعد جہنم سے نجات پائے گا، ہماری شفاعت سے اور پھر جنت میں جگہ پائے گا۔"**

بہر حال پُل صراط کے سات چیک پوسٹ سے گزرنا ہو گا۔ یہ سات موقف علی الترتیب یہ ہیں۔

۱۔ صلۂ رحمی، امانت اور ولایت

۲۔ نماز　　　　۳۔ زکوٰۃ

۴۔ روزہ　　　　۵۔ حج

۶۔ طہارت　　　　۷۔ مظالم، حقوق الناس

ان فرائض اور واجبات میں اگر کوئی کمی یا نقص رہ گیا ہے تو وہ مقررہ مدّت تک روک لیا جائے گا، یا پھر لطف خداوندی سے آگے بڑھ جائے گا۔ نہیں تو مقررہ وقت تک جہنم میں گرا رہے گا۔ پھر شفاعت پا کر اسی موقف (چیک پوسٹ) پر آکر آگے بڑھے گا۔

اسی طرح ساتویں اور آخری چیک پوسٹ سے بخیریت گزر کر جنت میں جگہ پائے گا اور جہنمی اپنی قسمت اور اعمال کو کوسے گا اور جنّتی اللہ کا شکر ادا کرے گا کہ اس نے اپنا وعدہ پورا کیا۔

# مخصوص اعمال

# و

# وظائف

# مخصوص اعمال و ظائف

حالت نزع سے قیامت، میدان حشر میں پُل صراط سے گزرنے تک مختلف مراحل کی آسانی، مشکلات اور اللہ کے عذاب سے محفوظ ہونے اور اللہ کے لطف و کرم کے مستحق ہونے کے لئے ربّ کریم نے اپنے خاص بندوں (ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ مطہرین علیہم السلام) کے ذریعے ہم تک کچھ مخصوص اعمال خاص خاص گناہوں سے اجتناب کے لئے تعلیم فرمائے ہیں۔ جن میں اکثر ہم خود اپنی زندگی ہی میں پابندی کے ساتھ بجالاسکتے ہیں۔ ورنہ پھر مرنے کے بعد اللہ کے کرم سے وارثوں اور دوسرے لوگوں کے ذریعے۔

ان ہی مخصوص اعمال اور ممنوعات پر ہیز کرنے کے طریقے آگے اختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔

اخیر میں یہ کہنا ضروری سمجھا جارہا ہے۔ کہ اعمال کے فوائد اور اثرات کی اہمیت کا اور اجاگر ہونے کے لئے آیت اللہ سید عبدالحسین دست غیب شیرازی مرحوم کی کتاب المعاد اور علاّمہ الشیخ محمد عباس قمیؒ رحمۃ اللہ علیہ کی 'المنازل الآخرۃ' (ترجمہ جناب عمدۃ الواعظین مولانا غلام حسین مظہر سلطان الافاضل ناشر عباس بک ایجنسی لکھنؤ) سے ضرور استفادہ کیا جائے۔

یہ اعمال آدمی اپنی زندگی میں خود کرے کچھ اعمال ایسے ہیں کہ اگر زندگی میں نہ ہو سکیں تو مرنے کے بعد دوسرے کریں تو بھی ثواب اس کو پہونچے گا۔ لیکن کچھ اعمال ایسے ہیں کہ دوسرے ہی کر سکتے ہیں مرنے کے بعد۔ کچھ اعمال روزانہ، کچھ شب و روز، کچھ شب جمعہ و روزہ جمعہ اور کچھ رجب، شعبان اور ذی قعدہ کے مہینوں میں کرنے کے ہیں۔

## I۔ روزانہ کے اعمال و ظائف

### (ا) سکرات میں آسانی کے لئے (ہمیشہ)

ا۔ حاکم اور صاحب اختیار کا ظلم نہ کرنا۔ بلکہ عدل و انصاف اور رحم سے معاملات طے کرنا۔

۲۔ بذریعہ ظلم و زبردستی یتیموں کا مال نہ کھانا۔

۳۔ جھوٹی گواہی کبھی نہ دینا۔

۴۔ رشتہ داروں سے صلۂ رحمی کرنا۔

۵۔ والدین کے ساتھ نیکی کرنا اور ان کی رضامندی حاصل کرنا۔

۶۔ مؤمنین کو شیرینی کھلانا۔

۷۔ اپنے مؤمن بھائیوں کو گرمیوں میں گرمی کے کپڑے اور سردیوں

میں سردی کے کپڑے پہنانا۔

(اس آسانی کے علاوہ اللہ تعالیٰ تنگیٔ قبر کو فراغی اور کشادگی عطا فرمائے گا اور جنت میں اسے لباس عطا فرمائے گا۔)

## (ب) وہ اعمال جو مرنے کے لئے جلد راحت کا سبب ہیں، خود اور ہمیشہ کرنے والے اعمال:

**۱۔ روزانہ اس دعا کو دس مرتبہ پڑھیں۔**

اَعْدَدْتُّ لِکُلِّ ہَوْلٍ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ وَ لِکُلِّ غَمٍّ وَہَمٍّ مَا شَاءَ اللّٰہُ وَلِکُلِّ نِعْمَۃٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لِکُلِّ رَخَاءٍ اَلشُّکْرُ لِلّٰہِ وَلِکُلِّ اُعْجُوْبَۃٍ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَلِکُلِّ ذَنْبٍ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ وَلِکُلِّ مُصِیْبَۃٍ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ وَلِکُلِّ ضِیْقٍ حَسْبِیَ اللّٰہِ وَلِکُلِّ قَضَاءٍ وَ قَدْرٍ تَوَکَّلْتُ وَ عَلَی اللّٰہِ وَلِکُلِّ عَدُوٍّ اِعْتَصِمْتُ بِاللّٰہِ وَلِکُلِّ طَاعَۃٍ وَمَعْصِیَۃٍ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

اس دعا کے دس مرتبہ پڑھنے کے اور بھی فوائد و فضیلت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے:

۱۔ چار ہزار گناہانِ کبیرہ معاف فرمائے گا۔

۲۔ سکراتِ موت میں آسانی۔

۳۔ فشار قبر سے نجات۔

۴۔ روزِ قیامت کی ایک لاکھ ہولناکیوں سے نجات۔

۵۔ شیطانوں اور اس کے لشکر سے محفوظ رکھے گا۔

۶۔ اس کا قرض ادا ہو گا۔

۷۔ رنج و غم دور رہے گا۔

۲۔ اس دعا کو روزانہ ستّر بار پڑھے۔

یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ وَ یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ وَ یَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِیْنَ وَ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ.

(اس دعا کی مزید فضیلت یہ ہے کہ اس کا پڑھنا ثواب عظیم ہے۔ اور پڑھنے والے کو کم از کم جنّت کی بشارت دی جائے گی۔)

۳۔ روزانہ سورہ 'الزلزال' (اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضِ زِلْزَالَہَا) (سورہ ۹۹، پارہ ۳۰) کا نماز میں پڑھنا (مزید فضیلت دل تنگ نہیں ہوتا۔ اللہ ایسے شخص کو بجلی زلزلہ اور آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رکھتا ہے۔[1]

---

1 از امام جعفر صادق علیہ السّلام

## (ج) وہ اعمال جو نزع کے عالم میں پہونچنے پر دوسروں کو کرنا چاہئے۔

### مرنے والے کے پاس: (مرنے میں راحت کے لئے)

۱۔ سورہ یٰسین کا پڑھنا (پارہ ۲۲، سورہ ۳۶)

۲۔ سورہ الصّافّات کا پڑھنا (پارہ ۲۳، سورہ ۳۷)

۳۔ کلمات فرج کا پڑھتے رہنا چاہئے۔ وہ یہ ہیں۔

## کلمات فَرَج

لَاۤ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ. لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ. سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبُّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْہِنَّ وَمَا بَیْنَہُنَّ وَمَا فَوْقَہُنَّ وَمَا تَحْتَہُنَّ وَہُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

۴۔ موت کے وقت حق سے عدول: (مرنے کے وقت حق سے باطل کی طرف پلٹ جانا)۔ خود کرنے والے اعمال۔

مرتے وقت انسان کو شیطان شک و شبہات میں مبتلا کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ اسکو ایمان سے خارج کر دیتا ہے۔ شیطان کے وسوسوں سے پناہ مانگنا چاہیئے اور اس سے محفوظ رہنے کے لئے اصول خمسہ اور ایمان کو دلائل قطعیہ کے ساتھ ذہن میں حاضر کرے تا کہ مرتے وقت وسوسۂ شیطانیہ میں مبتلا نہ ہو۔

عقائد حقّہ کے ورد کے بعد یہ دعا پڑھے۔

روزانہ پڑھنے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِنِّىْ قَدْ اَوْدَعْتُکَ يَقِيْنِىْ هٰذَا وَ ثَبَاتَ دِيْنِىْ وَ اَنْتَ خَيْرُ مُسْتَوْدِعٍ وَ قَدْ اَمَرْتَنَا بِحِفْظِ الْوَدَايِعِ فَرُدَّهُ عَلَىَّ وَقْتَ حُضُوْرِ مَوْتِىْ.

۵۔ روزانہ دعائے عدیلہ کو معانی کے ساتھ سمجھ کر پڑھنا۔

(۷۸ سے ۸۴ دیکھیں۔)

٦۔ روزانہ، ہر واجب نماز کے بعد یہ دعا پڑھنا (از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام)

مرتے وقت ایمان کو ثابت قدم رکھتی ہے اور زائل ہونے سے بچاتی ہے۔

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ نَبِيًّا وَ
بِالْاِسْلاَمِ دِيْنًا وَ بِالْقُرْآنِ كِتَابًا وَ بِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَ بِعَلِيٍّ وَ
لِيًّا وَ اِمَامًا وَ بِالْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَ
مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَ جَعْفَرِ بْنِ مَحَمَّدٍ وَ مُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ
وَ عَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى وَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ
وَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ
عَلَيْهِمْ اَءِمَّةً اَللّٰهُمَّ اِنِّى رَضِيْتُ بِهِمْ اَءِمَّةً فَارْضَنِى لَهُمْ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ.

## (د)موت میں آسانی کے لئے اعمال:(ہمیشہ خود کرے)

۱۔ روزانہ نماز کا پابندی کے ساتھ ادا کرنا۔

۲۔ افضل اعمال کا حامل۔ اللہ کے حقوق کو بزرگ و برتر سمجھنا۔
مُحب اہل بیت کا احترام کرنا۔(از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام)

۳۔ اللہ کی نعمتوں کا ہمیشہ شکر گزار رہنا۔

۴۔ خاتمہ بالخیر ہونے اور بد بختی کو نیک بختی میں تبدیل کرنے کے لئے صحیفۂ کاملہ کی گیارہویں دعائے تمجید کا پڑھنا۔

## دعائے تمجید:

يَا مَنْ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِلذَّاكِرِيْنَ وَ يَا مَنْ شُكْرُهٗ فَوْزٌ لِلشَّاكِرِيْنَ وَ يَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِلْمُطِيْعِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاشْغَلْ قُلُوْبَنَا بِذِكْرِكَ عَنْ كُلِّ ذِكْرٍ وَاَلْسِنَتَنَا بِشُكْرِكَ عَنْ كُلِّ شُكْرٍ وَ جَوَارِحَنَا بِطَاعَتِكَ عَنْ كُلِّ طَاعَةٍ فَاِنْ قَدَّرْتَ لَنَا فَرَاغًا مِنْ شُغْلٍ فَاجْعَلْهُ فَرَاغَ سَلاَمَةٍ لاَ تُدْرِكُنَا فِيْهِ تَبِعَةٌ وَ لاَ تَلْحَقُنَا فِيْهِ سَاْمَةٌ حَتّٰى يَنْصَرِفَ عَنَّا كُتَّابُ السَّيِّءَاتِ بِصَحِيْفَةٍ خَالِيَةٍ مِنْ ذِكْرِ سَيِّاٰتِنَا وَ يَتَوَلّٰى كُتَّابُ الْحَسَنَاتِ عَنَّا مَسْرُوْرِيْنَ بِمَا كَتَبُوْا مِنْ حَسَنَاتِنَا وَاِذَا انْقَضَتْ اَيَّامُ حَيٰوتِنَا وَتَصَرَّمَتْ مُدَدُ اَعْمَارِنَا وَاسْتَحْضَرَتْنَا دَعْوَتُكَ الَّتِيْ لاَ بُدَّ مِنْهَا وَ مِنْ اِجَابَتِهَا فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَاجْعَلْ خِتَامَ مَا تُحْصٰى عَلَيْنَا كَتَبَةُ اَعْمَالِنَا تَوْبَةً مَقْبُوْلَةً لاَ تُوْقِفُنَا بَعْدَهَا عَلٰى ذَنْبٍ اِجْتَرَحْنَاهُ وَ لاَ مَعْصِيَةٍ اِقْتَرَفْنَاهَا وَ لاَ تَكْشِفْ عَنَّا سِتْرًا سَتَرْتَهٗ عَلٰى رُؤُوْسِ الْاَشْهَادِ يَوْمَ تَبْلُوْا اَخْبَارَ عِبَادِكَ اِنَّكَ رَحِيْمٌ بِمَنْ دَعَاكَ وَ مُسْتَجِيْبٌ لِمَنْ نَادَاكَ.

۵۔ کافی میں مذکورہ دعائے تمجید کا پڑھنا۔

۶۔ ذی قعدہ کے مہینہ کے اتوار کے دن غسل اور وضو کرنا۔ پھر چار

رکعت نماز پڑھنا۔

ترکیب نماز : ۴ر رکعت

ہر رکعت میں : سورہ الحمد (صفحہ ٦٠)، سورہ فلق (صفحہ ٦۴)

(سورہ ۱۱۳، پارہ ۳۰)

سورہ ناس (سورہ ۱۱۴، پارہ ۳۰) ایک بار

(صفحہ ٦۴ دیکھئے)

دوسری رکعت کی قنوت میں یہ آیت پڑھنا۔

**دعائے قنوت:**

رَبَّنَا لاَ تَزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ہَدَیْتَنَا وَ ہَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَہَّابُ.[1]

بعد نماز ستر بار استغفار یعنی استغفر اللّٰہ ربّی و اتوب الیہ پڑھے۔ اس کے بعد:

یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَ ذُنُوْبَ جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّہٗ لاَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلاَّ اَنْتَ.

---

1 سورہ آل عمران، آیت ۸

۷۔ تسبیحات جناب سیّدہ علیہاالسلام کا پابندی کے ساتھ پڑھنا۔

۸۔ عقیق کی انگوٹھی پہنا۔ خصوصاً سرخ عقیق اگر اس پر محمد □ ، نبی اللہ و علیؑ ولی اللہ نقش ہو تو اچھا ہے۔

۹۔ سورہ المؤمنون (سورہ ۲۳ پارہ ۱۸) ہر روز جمعہ پڑھنا۔

۱۰۔ روزانہ نماز صبح کے بعد اور نماز مغرب کے بعد سات بار پڑھنا:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

۱۱۔ بائیس رجب کی شب میں آٹھ رکعت نماز پڑھنا۔

## ترکیب نماز:

ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار (صفحہ ۶۰)، سورۂ کافرون (سورہ ۱۰۹ پارہ ۳۰) سات بار (صفحہ ۶۲)، نماز کی فراغت پر دس بار درود شریف، دس بار: استغفر اللّٰہ ربی و اتوب الیہ۔

۱۲۔ ۶/ شعبان کو ۴/ رکعت نماز پڑھے۔

## ترکیب نماز:

ہر رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ۶۰) ایک بار اور سورۂ احد (صفحہ ۶۳)

(سورہ ۱۱۲ پارہ ۳۰) ۵۰ بار۔

(مزید فضیلت، نرمی کے ساتھ روح کا قبض ہونا، قبر کشادہ ہونا، روز محشر قبر سے اس طرح اٹھے گا کہ چہرہ چودھیوں کے چاند کی طرح روشن ہو۔)

۱۳۔ ہمیشہ ان بدیوں سے بچنا۔

۱۔ چغل خوری اور طعنہ بازی

۲۔ حسد

۳۔ نکتہ چینی

۱۴۔ ہمیشہ شراب خوری سے بچنا، بلکہ اس کے پاس بھی نہ جانا۔

۱۵۔ کبھی بُرا ارادہ بھی نہ کرنا (کسی کے لئے یا کسی کام کے بارے میں بھی)

۱۶۔ زکوٰۃ ہمیشہ پابندی کے ساتھ ادا کرنا۔

۱۷۔ ہمیشہ شرعی فرائض اور واجبات پورا کرنا۔

## (ح) قبر میں پہلی شب کی وحشت،

**عذاب قبر وغیرہ روکنے کے اعمال (جو مرنے کے بعد دوسرے لوگ ہی کر سکتے ہیں)**

**۱۔ مُردوں کے نامہ صدقہ**

**۲۔ نمازِ میّت:**

کوئی شخص دو رکعت نمازِ میت پڑھ دے اس طرح کہ:

ترکیب نماز: پہلی رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ۶۰) ایک بار، سورہ اخلاص (صفحہ ۶۳) ۲ بار اور دوسری رکعت میں سورہ حمد ایک بار، سورہ تکاثر (صفحہ ۶۱) (سورہ ۱۰۲، پارہ ۳۰) ۱۰ بار پھر سلام پڑھ کر نماز ختم کرے اور اسی طرح کہے:

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَہَا اِلٰی قَبْرِ ذَالِکَ الْمَیِّتَ فُلَان ابن فلاں۔ (یہاں اس کا اور اس کے باپ کا نام لے)۔

## مزید فضیلت:

اللہ تعالیٰ اسی وقت میّت کی قبر پر ایک ہزار ملائکہ بہشتی حلّے دے کر بھیجتا ہے۔ اور اس کی قبر کو کشادہ کرتا ہے۔ صور کے پھونکنے تک اس کو اور نماز پڑھنے والے کو بے شمار نیکیاں عطا کرتا ہے اور ۴۰/ درجے بلند کرتا ہے۔

## ۳۔ نماز ہدیہ میّت اور نماز وحشت

قبر میں پہلی رات کے خوف کو دور کرنے کے لئے دو رکعت نماز ہدیہ میّت پڑھے اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ٦٠) ایک بار اور آیۃ الکرسی (صفحہ ٧٠) ایک بار اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ انّا انزلناہ (صفحہ ٦٠) (سورہ ٩٧ پارہ ٣٠) دس بار پڑھے۔ پھر سلام پڑھ لینے کے بعد یہ کلمات پڑھے۔

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَابْعَثْ ثَوَابَہَا اِلَی قَبْرِ فَلاں ابن فلاں۔ (اس جگہ میّت کا نام لے)

## (و)وحشت قبر کے لے مفید اعمال(ہمیشہ کرے اور خود کرے)

۱۔ نماز کا رکوع مکمل کرنا (حضرت امام محمد باقر علیہ السلام)

۲۔ روزانہ سو بار پڑھے۔

لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ.

(مزید فضیلت: پڑھنے والا شخص جب تک زندہ رہے گا۔ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ اور تونگر ہو جائے گا۔ اس کے لئے بہشت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔)

۳۔ سورہ یٰس، سونے سے پہلے ہر شب پڑھنا۔

۴۔ **نماز لیلۃ الرّغائب** پڑھے تفصیل یہ ہے:

**ماہ رجب** کی پہلی جمعرات (یعنی نوچندی جمعرات) کے دن روزہ رکھے اور شب جمعہ افطار کرے اور مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان بارہ رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر ایک رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ٦٠) ایک دفعہ اور تین دفعہ سورہ انا انزلناہ (صفحہ ٦٠) اور بارہ دفعہ سورہ قل ہو اللہ (صفحہ ٦٣) پڑھے اور جب نماز فارغ ہو جائے تو ستّر دفعہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ الْنَّبِیِّ

الْاُمِّیِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ پڑھے پھر سجدہ میں چلا جائے ستّر (۷۰)دفعہ کہے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلآءِکَۃِ وَالرُّوْحِ.

سجدہ سے سر اٹھائے اور ستّر دفعہ کہے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلآءِکَۃِ وَالرُّوْحِ.

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے تو انشاء اللہ پوری ہو گی۔

۵۔ ماہ شعبان میں ۱۲/ دن روزے رکھے۔

۶۔ ہمیشہ بیماروں کی عیادت کرتا رہے۔

۷۔ حبِّ علی علیہ السّلام پر قائم رہے۔

(مزید فضیلت: موت کے وقت مایوسی، وحشت قبر اور محشر کا غم نہیں ہو گا۔)

## (ز) ایسے کام جو فشار قبر کا سبب بنیں۔ ان سے پرہیز اور بچاؤ(ہمیشہ کرے اور خود کرے)

۱۔ پیشاب کی نجاست

۲۔ نکتہ چینی

۳۔ غیبت

۴۔ رشتہ داروں سے قطع تعلق

۵۔ خداوندی نعمتوں کا ضائع کرنا اور کفرانِ نعمت کرنا۔

## (ہ) عذاب قبر سے نجات دینے والے اعمال: (ہمیشہ کرے اور خود کرے)

۱۔ ہر جمعہ کو دن میں سورہ نساء (پارہ ۴، سورہ ۴) کا پڑھنا۔

(مزید فضیلت: فشار قبر سے نجات (حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام)

۲۔ روزانہ سورہ الزخرف (پارہ ۲۵، سورہ ۴۳) کی تلاوت۔

(مزید فضیلت: فشار قبر اور حشرات الارض سے نجات)

۳۔ روزانہ سورہ ن والقلم (پارہ ۲۹، سورہ ۶۸) کو نماز واجب اور نماز نافلہ میں پڑھنا۔

۴۔ ہر رات، نماز شب، رات کے آخری حصّے میں پڑھنا۔

(مزید فضیلت: اللہ تعالیٰ، عذاب قبر، عذاب جہنم سے محفوظ رکھتا

ہے۔ اور عمر میں درازی، روزی میں فراغی عطا کرتا ہے۔ از حضرت امام رضا علیہ السلام)

۵۔ روزانہ سوتے ہوئے سورۂ تکاثر (صفحہ ۶۱) کا پڑھنا (پارہ ۳۰، سورہ ۱۰۲) (از حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

۶۔ ہر روز دعائے اَعَدتُّ لِکُلِّ ہَوْلٍ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہ...الخ، پوری دعا صفحہ ۲۷ پر دیکھئے۔

۷۔ میّت کے ساتھ 'جرید تین' یعنی دو(۲) تر لکڑیوں کا رکھنا۔ (دوسرے کرسکتے ہیں) روایت ہے کہ میّت پر عذاب قبر اس وقت تک نہیں ہوتا۔ جب تک یہ لکڑیاں تر رہتی ہیں (رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

۸۔ قبر پر پانی چھڑکنا (دوسرے کریں)

روایت ہے کہ قبر میں میّت پر عذاب اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک کہ قبر تر رہتی ہے۔)

۹۔ یکم رجب کی شب میں ۲۰؍ رکعت نماز سورہ حمد اور سورہ توحید کے ساتھ پڑھنا۔

۱۰۔ پہلی رجب کو دن میں دس رکعت نماز پڑھے (خود کرے)

ترکیب نماز: ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار اور سورہ اخلاص ۳ بار،

۱۱۔ ماہ رجب میں ۴/ دن روزہ رکھنا۔

۱۲۔ ماہ شعبان میں ۱۲/ دن روزہ رکھنا۔

۱۳۔ سورہ الملک (تبارک الذی ... سورہ۶۷ پارہ۲۹) کا قبر پر پڑھنا۔

(مزید فضیلت: میّت کے دفن کے بعد کبھی بھی، مدت کی قید نہیں، جب بھی پڑھیں گے۔ عذاب سے نجات ملے گی۔ (از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امام محمد باقر علیہ السلام) (دوسرے کریں)

۱۴۔ میّت کو دفن کرتے وقت قبر کے پاس ۳ دفعہ مندرجہ ذیل کلمات کہے۔ اللہ تعالیٰ قیامت تک عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔ (از رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْءَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ اَنْ لاَ تُعَذِّبَ ہٰذَا الْمَیِّتَ.

## II۔ شب جمعہ۔ دو رکعت نماز پڑھے۔

ترکیب نماز ہر رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ۶۰) ایک بار اور سورہ الزلزال (صفحہ ۶۱) (سورہ۹۹ پارہ۳۰) ۱۵ بار۔

(مزید فضیلت: حق تعالیٰ، عذاب قبر اور قیامت کے خوف سے محفوظ رکھے اور پڑھنے والے کو بھی)۔ از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

## III۔ دیگر مہینوں کے اعمال: (خود کرے)

۱۔ محرم میں شب عاشورہ، ۱۰۰ رکعت نماز پڑھیں۔

۲۔ ماہِ رجب: ۱۶، ۱۵ اور ۱۷۔ کی شبوں میں ۳۰، ۳۰ رکعت نماز پڑھیں۔

ترکیب: ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار اور سورہ توحید دس بار،

۳۔ ۱۵/رجب دن میں پچاس رکعت نماز پڑھیں۔

ترکیب: ہر رکعت میں سورہ حمد، سورہ توحید، سورہ الفلق، سورہ ناس ایک ایک بار۔

۴۔ پہلی شعبان کی شب میں...... ۳۰ رکعت نماز،

ترکیب: ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار، سورہ توحید ایک بار، نماز سے فارغ ہونے کے بعد سورہ توحید ۵۰ بار پڑھے۔

۵۔ اس شب میں مزید...... ۱۰۰/رکعت نماز پڑھے۔

ترکیب: ہر رکعت میں سورہ حمد، سورہ توحید ایک ایک بار، نماز سے فارغ ہونے کے بعد سورہ توحید ۵۰ بار پڑھے۔

۶۔ چوبیس شعبان کی شب میں ۱۰۰ر رکعت نماز پڑھے۔

ترکیب: ہر رکعت میں سورہ حمد ایک بار، سورہ نصر (صفحہ ۶۳)(پارہ ۳۰، سورہ ۱۰۰) ایک بار۔

۷۔ (دوسرے کریں) خاک شفا (یعنی امام حسین علیہ السلام کے مقتل کی خاک) کو قبر اور کفن میں رکھنا۔

۸۔ (دوسرے کریں) چالیس آدمیوں کی گواہی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر چالیس آدمی میّت کے پاس حاضر ہو کر کہیں کہ:

اَللّٰہُمَّ اِنَّا لاَ نَعْلَمُ مِنْہُ اِلاَّ خَیْرًا وَ اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنَّا فَاغْفِرْ لَہٗ.

تو پروردگار عالم اس کو عذاب قبر سے محفوظ رکھتا ہے۔

۹۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص روز پنجشنبہ اور زوالِ روز جمعہ کے درمیان فوت ہو جائے اللہ اسے فشار قبر سے محفوظ رکھتا ہے۔

۱۰۔ نجف اشرف میں تدفین:

کیوں کہ وہاں کی زمین کی یہ خاصیت ہے کہ جو بھی اس میں دفن ہو گا۔اس سے عذاب قبر اور سوالِ منکر و نکیر ساقط ہو جاتا ہے۔

## (ر) منکر و نکیر کے سوالات کا صحیح طور پر جواب دینا۔(خود کرے)

۱۔ ماہ شعبان کے نو روزے۔ منکر و نکیر کے سوالات کے وقت مہربان ہونگے۔(شیخ صدوق)

۲۔ تیئیس رمضان کی شب بیداری اور سو رکعت نماز پڑھنا۔

۳۔ امام ضامن، حضرت امام رضا علیہ السلام کی زیارت کرے اور دور سے بھی زیارت پڑھتا رہے۔ اور ان کے مدفن کے جوار میں مدفون ہو، تو اس کو امان ہے۔اور حضرت اس کی نجات کے ضامن ہیں۔

۴۔ جو شخص شب جمعہ زیارت امام حسین علیہ السلام کرے اس کی نجات ہے۔ (خود کرے)

۵۔ (دوسرے کریں) قبر میں اتارنے کے بعد تلقین پڑھے اور نام آنے پر اس کے جسم کو حرکت دے۔

۶۔ (دوسرے کریں)میّت کے دفن کے بعد سنت ہے کہ تلقین پڑھتا رہے۔ رشتے دار وغیرہ، قبر پر ہتھیلیاں گاڑ کر منہ قبر کے پاس لے جاکر آواز سے پڑھے۔

## (ز) برزخ والوں کے لئے مفید اعمال: (خود کرے)

۱۔ والدین اور مُردوں کے نام صدقہ اور دعا۔ صدقہ، کھانا، کپڑا اور نقدی کی صورت میں (از رسول مقبول ﷺ)

۲۔ ہمیشہ والدین کے لئے دعاؤں میں فوقیت۔

نمازِ شب کی دعاؤں میں اور فرض نمازوں کے بعد کی دعاؤں میں بھی۔

۳۔ ہمیشہ والدین کے قرض، اور باقی تمام عبادات اور حقوق اللہ کو ادا کرے۔

۴۔ ہر روز دن میں والدین کے لئے اور شب میں اپنی اولاد کے لئے دو۔ دو رکعت نماز پڑھے۔

طریقہ: پہلی رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ٦٠) ایک بار اور سورہ قدر (صفحہ ٦٠) ایک بار، دوسری رکعت میں سورہ حمد (صفحہ ٦٠) ایک بار سورہ تکاثر (صفحہ ٦١) ایک بار۔

(از حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی سنت اور فرمان)

## (ل) قیامت کی سختی سے محفوظ رکھنے والے اعمال(خود کرے)

